اپنے بچے کونرسری یا بچوں کی نگہداشت کرنےوالےکےپاس لےکرجانا: والدین کو کس چیزکےجاننےکی ضرورت ہے۔

Department for Education

چائلڈمائنڈرزیعنی بچوں کی نگہداشت کرنےوالےاورنرسری کا عملہ بچوں کو ایسا محفوظ اورمسرورماحول مسلسل مہیاکررہےہیں جہاں بچےسیکھ سکتےہیں اورنشونماپاسکتےہیں۔

1 جون سےتمام خاندان اپنےبچوں کو نرسریوں اورچائلڈمائنڈرزکےپاس بھیجنےکےقابل ہوچکےہیں جن کی عمریں 5 سال تک ہیں۔ اگرآپ کی عمومی نرسری یا چائلڈمائنڈرکھلےنہیں ہیں، توآپ کی مقامی اتھارٹی ایسی جگہ تلاش کرنےمیں مدد کرسکتی ہے جوآپ کے بچے کےلیے ٹھیک ہو۔

کیامیرےبچےکےلیے انکی نرسری یا چائلڈمائنڈرکےپاس واپس آنا محفوظ ہے؟

پبلک ہیلتھ انگلینڈ (پی ایچ ای)کاموٴقف واضح ہے کہ اگرنرسریاں اورچائلڈ مائنڈرزباقاعدگی سے ہاتھوں کودھونےاورصفائی کےاقدامات پرعمل کریں تواس بیماری کی منتقلی اورانفیکشن کےامکانات کم ہیں۔ شہادت سے پتہ چلتاہےکہ بچوں کوعام طورپرہلکی علامات کاسامناکرناپڑتاہےیا علامات بالکل نہیں ظاہرہوتیں اور ممکن ہے بالغوں کی بنسبت وائرس کےلگنےکا ان کو کم خطرہ ہو۔

یہ ضروری ہے کہ اگرآپ کےبچےکو (گھرمیں کسی کو) کورونا وائرس (COVID-19) کی علامات ہوں، تو وہ تعلیم کےلیے نہ حاضرہوں اورگھرمیں ہی رہیں۔

اگرمیرےبچےکی خصوصی تعلیمی ضروریات ہوں یا وہ معذوریوں کاشکارہوتوکیاہوگا؟

اپنی نرسری یا چائلڈ مائنڈرسے بات کریں اوراپنےبچے کی واپسی سے متعلق مل کر پلان بنائیں تاکہ یہ جتناممکن ہوسکےآسان ہو۔

مجھےاپنےبچےکوان کی نرسری یا چائلڈمائنڈرکےپاس واپس کیوں بھیجناچاہیے؟

نرسریاں اور چائلڈمائنڈرزبچوں کےسیکھنےاوراپنےدوستوں کے ساتھ تفریح کرنےکےلیے شاندار جگہیں ہیں۔ ابتدائی تعلیم بچوں کی نشونما اورانکی مجموعی بہتری کےضمن میں مدد فراہم کرتی ہےاوران کو معمولات زندگی کواختیارکرنےمیں مدد فراہم کرتی ہے۔ شروع کے سالوں میں بچے تیزی سے نشونماپاتےہیں، اسی لیے یہ بہت ضروری ہے کہ بچےبروقت نرسری یا چائلڈمائنڈرسےمحروم نہ ہوں۔

بچوں کی حفاظت کویقینی بنانےسے متعلق نرسریوں اورچائلڈمائنڈرزنےکیاحفاظتی اقدامات لاگوکیےہیں؟

نرسریوں اورچائلڈمائنڈرزنےصفائی ستھرائی سے متعلق اضافی ضوابط شیئرڈ سطحوں جیسے دروازوں کے ہینڈلز، ٹیبل ٹاپس، کھیلنےکےآلات اورکھلونوں کےسلسلےمیں لاگوکیے ہیں۔ جہاں ممکن ہو انہوں نے ہاتھوں کی زیادہ دھلائی اورگروپوں کے درمیان میل جول کو کم سے کم کرنےکےعمل کو بھی فروغ دے رہےہیں۔

نرسریاں اور چائلڈمائنڈرز این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس پروسیس میں بھی شامل ہورہے ہیں تاکہ اگران کوکسی کےبارے میں پتہ چلے کہ اس کا کوروناوائرس (COVID-19) سے متعلق ٹیسٹ مثبت آیاہےتو وہ اس ضمن میں تیزکاروائی عمل میں لا سکیں۔

Department for Education

کیا ایسے بچوں کے لیے کوئی مختلف مشورہ ہے جو طبی لحاظ سے شدید طور پر کمزور ہوں؟

مورخہ 1 اگست کو تمام بچوں اور بالغوں کے لیے شیلڈنگ ایڈوائس کا سلسلہ رک گیا تھا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہاں تک کہ ایسے بچوں کی تھوڑی سی تعداد جو ایسے مریضوں کی فہرست پر ہوں جن کو زیادہ خطرہ ہو اور جن کے خاندان کے ارکان ہو ں جن کو زیادہ بیماری کے لگنے کا زیادہ خطرہ ہو وہ اپنی نرسری یا چائلڈ مائنڈر کے پاس لوٹ سکتے ہیں۔

کیا بچے بالغوں کی بنسبت کورونا وائرس (COVID-19) زیادہ منتقل کرتے ہیں؟

نہیں۔ اس بات کا امکان نہیں ہے کہ بچے بالغوں کی بنسبت وائرس کو زیادہ منتقل کریں۔ حقیقت یہ ہے کہ، کافی مناسب شہادت موجود ہے کہ بالغوں کی بنسبت نوجوان بچوں میں انفیکشن کی شرح نمایاں حد تک کم ہے ، اگرچہ یہ چیز ابھی تک حتمی نہیں ہے۔

کیا نرسریوں یا چائلڈ مائنڈرز کی جگہوں میں نوجوان بچوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ سماجی طور پر فاصلہ رکھیں۔

نہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ نوجوان بچے سماجی طور پر فاصلہ رکھنے کے عمل کو کافی مشکل سمجھتے ہیں۔ نرسریاں اور چائلڈ مائنڈرز بہت سے دیگر حفاظتی اقدامات کر رہے ہیں، بشمول باقاعدگی سے ہاتھوں کی دھلائی اور زیادہ صفائی، تاکہ بیماری کی منتقلی کو کم کیا جائے۔ آپ کا بچہ اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلنے کے قابل ہوگا اور عملہ کی طرف سے جس طرح عمومی ہوتا ہے اسی طرح آپ کے بچے کو آرام دیا جائے گا۔

کیا نرسری یا چائلڈ مائنڈر کے ہاں جگہ حاصل کرنے کے لیے دونوں والدین کا کریٹیکل ورکر ہونا ضروری ہے؟

نہیں۔ جون 1 سے تمام بچے جن کی عمریں 5 سال تک ہیں وہ نرسریوں اور چائلڈ مائنڈرز میں آ سکتے ہیں۔

اگر میرا بچہ یا میرے گھر میں کوئی کورونا وائرس (COVID-19) کی علامات کا حامل ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

یہ ضروری ہے کہ اگر آپ کا بچہ (یا گھر میں سے کوئی بھی) کورونا وائرس (COVID-19) کی علامات کا حامل ہو تو ، انہیں نرسری یا چائلڈ مائنڈر میں نہیں آنا چاہیے اور انہیں گھر میں ہی رہنا چاہیے۔ آپ کو ان کے لیے ٹیسٹ کے حصول کا انتظام کرنا چاہیے اور اپنی نرسری یا چائلڈ مائنڈر کو ان کے نتائج سے اگاہ کرنا چاہیے۔ یہ چیز این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس کے پروسیس کے ضمن میں مدد دے گی۔ اگر آپ کا نتیجہ مثبت نکلتا ہے ، آپ کے گھر والوں کو گھر میں رہنا چاہیے اور ٹیسٹ اینڈ ٹریس سیلف آئسولیشن گائیڈنس پر عمل کرنا چاہیے۔

کیا ہوگا اگر اس نرسری یا چائلڈ مائنڈر میں کوئی دوسرا بچہ کورونا وائرس (COVID-19) کے ضمن میں مثبت نتیجے کا حامل ہو جائے؟

اگر آپ کے بچے کا کسی ایسے شخص کے ساتھ رابطہ ہو جس کا کورونا وائرس (COVID-19) کے سلسلے میں مثبت نتیجہ آیا ہو ، تو آپ کو کہا جائے گا کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ 14 دنوں کے لیے اپنے آپ کو الگ تھلگ رکھیں۔ گھر کے دوسرے ارکان کو صرف ایسی صورت میں ہیں علیحدگی کی ضرورت ہوگی اگر آپ کے بچے میں علامات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں۔ کوئی بھی جس میں علامات ظاہر ہوں وہ ٹیسٹ حاصل کر سکتا ہے ، بشمول 5 سال تک کی عمر کے بچے۔

کیا حکومت نرسری اور چائلڈ کیئر سے متعلقہ اخراجات کے ضمن میں خاندانوں کی مدد کرتی ہے؟

جی ہاں۔ ایسے خاندان جن کے بچے 0-5 سال کی عمروں کے ہوں ان کے لیے وسیع پیمانے کی مالی مدد دستیاب ہے۔ وہ تمام جن کی عمر 3 سے 4 سال تک ہو اور کچھ جو 2 سال کی عمر کے بچے فی ہفتہ 15 گھنٹے تک کی ابتدائی تعلیم کے ضمن میں فنڈنگ حاصل کر سکتے ہیں، جو کہ اوسطاً فی سال £2,500 تک رقم بنتی ہے۔ 3 سے 4 سال کی عمر کے بچوں کے کام کرنے والے والدین فی ہفتہ 15 گھنٹے مزید چائلڈ کیئر کے ضمن میں فنڈنگ ممکن ہے حاصل کر سکیں، جس سے وہ فی سال £5,000 تک کی رقم بچا سکتے ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ آپ کو کون سی مدد مل سکتی ہے اس ویب سائٹ پر جائیں **childcarechoices.gov.uk** t

Department
for Education